پریس اطلاعات بیورو
(اردو یونٹ)
محکمۂ اطلاعات و رابطۂ عامہ، اترپردیش، لکھنؤ

14/12/2021

عالمی توانائی تحفظ یوم پر توانائی تحفظ پر زور

-لکھنؤ: ۱۴/ دسمبر ۲۰۲۱ء

عالمی توانائی تحفظ یوم-2021(world energy conservation day) کے موقع پر یو پی نیڈا کے ذریعہ آج یو پی نیڈا تحقیق اور تربیتی مرکز، دیوی روڈ، چنہٹ، لکھنؤ میں منعقد پروگرام میں ڈائرکٹر یو پی نیڈا جناب بھوانی سنگھ کھنگاروت نے یوم توانائی تحفظ کی اہمیت، توانائی تحفظ کی ضرورت اور یو پی نیڈا کے ذریعہ اتر پردیش اسٹیٹ ڈیزگنیٹیڈ ایجنسی (state designated agency) کے طور پر کیے جا رہے مختلف کاموں سے باور کرایا۔ انہوں نے ڈپلوما انجینئرنگ نصاب میں توانائی تحفظ موضوع پر شامل کرتے ہوئے نصاب تیار کیے جانے، کاشتکاروں کے جنرل پمپ سیٹوں کو ایز جیٹیک پمپ سیٹ میں تبدیل کیے جانے وغیرہ کے بارے میں مطلع کرایا۔ انہوں نے یہ بھی بتایا کہ کستوربا گاندھی گرلس اسکولوں میں ایز جی سروے کرایا جا رہا ہے، سروے کا کام پورا ہونے کے بعد سبھی اسکولوں میں لائٹوں اور پنکھوں کو ایل ای ڈی اور فائیو اسٹار پنکھوں میں تبدیل کیا جائیگا۔

یو پی ایس ڈی اے کی ویب سائٹ www.upsavesenergy.com پر منعقد پینٹنگ مقابلہ درجہ 5-3، درجہ 8-6 اور درجہ 11-9 کے کامیاب طلباء/طالبات اور کیوئز مقابلہ کے کامیاب طلباء/طالبات اور دیگر فاتحین کو انعامات سے نوازا گیا۔ ساتھ ہی موبائل ایپ بھوئزنگ مقابلے کے کامیاب امیدواروں کو بھی انعامات سے نوازا گیا۔

ڈائرکٹر یو پی نیڈا اور اسپیشل سکریٹری اضافی توانائی ذرائع محکمہ، اتر پردیش حکومت کے ذریعہ سبھی شرکت کنندگان کو توانائی تحفظ کے واسطے حلف برداری کرائی گئی۔ مورخہ 7 تا 14 دسمبر 2021 تک توانائی تحفظ ہفتہ منایا گیا، جس میں توانائی تحفظ سے متعلق مختلف موضوعات پر ورکشاپ اور ویبینار منعقد کرائے گئے۔

☆☆☆☆☆